# حل شدہ مشقیں

# اسلامیات

# برائے جماعت اول

## باب اوّل

# کلماتِ خیر

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ اس سے مراد ہے کہ اس بات کا اقرار کہ اللہ ایک ہے اور حضرت محمد اللہ کے آخری رسول ہیں۔

۲۔ کلمہ طیبہ کے ماننے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

۳۔ کلمہ طیبہ کے دو حصّے ہیں۔

۴۔ کلمہ طیبہ

سرگرمیاں برائے طلبہ

۲۔ کالم الف میں بیان کردہ الفاظ کا کالم ب میں درست ترجمہ لکھیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| لَآ اِلٰہ | نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق |
| اِلَّا اللہ | مگر اللہ تعالیٰ |
| مُحَمَّد رَّسُوْلُ اللہ | محمد اللہ کے رسول ہیں |

ذہنی آزمائش

۱۔ اساتذہ کرام کی مدد سے درست ترجمہ کی نشان دہی کریں۔

| | |
|---|---|
| لَآ اِلٰہ | نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق |
| اِلَّا اللہ | مگر اللہ تعالیٰ |
| مُحَمَّد | محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| رَسُوْلُ اللہ | اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں |

## باب اوّل

# حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ ترجمہ: پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ (صحیح مسلم،حدیث:534)

۲۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو پاک صاف رہتے ہیں۔

سرگرمیاں

۱۔ اس حدیث مبارک سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا؟

مسلمان کا ایمان تب تک مکمل نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ خود کو اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا نہ رکھے۔

## باب دوم

# ایمانیات

# توحید کا تعارف

## مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

۲۔ ساری کائنات کا خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہے۔

۳۔ زمیں، آسمان، چاند اور ستارے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیے ہیں۔

۲۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں بولنے کو | **زبان** | دی ہے۔ |
| ۲۔ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں کام کرنے کو | **ہاتھ** | دیے ہیں۔ |
| ۳۔ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیکھنے کو | **آنکھیں** | دی ہیں۔ |
| ۴۔ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں چلنے کو | **پاؤں** | دیے ہیں۔ |
| ۵۔ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں سننے کو | **کان** | دیے ہیں۔ |

۳۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان پر چاند اور تارے بنائے ہیں۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر درخت اور پھل پھول بنائے ہیں۔

سرگرمیاں

۱۔ درج ذیل میں سے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق سے انسان کی بنائی ہوئی چیزوں کی نشان دہی کریں۔

| | |
|---|---|
| بیل | اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی |
| جہاز | انسان کی بنائی ہوئی |
| آدمی | اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا |
| گاڑی | انسان کی بنائی ہوئی |

## بابِ دوم

# نُبوّت و رسالت

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے اپنے پاکیزہ بندے یعنی رسول اس دنیا میں بھیجے۔

۲۔ اس سے مراد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔

۳۔ ترجمہ: میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی۔ (جامع ترمذی، حدیث: 2272)

سرگرمیاں

۱۔ اساتذہ کرام کی مدد سے پانچ جلیل القدر کرام علیہم السلام کے نام لکھیں اور رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| حضرت آدم علیہ السلام | حضرت عیسیٰ علیہ السلام |
| حضرت داؤد علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام |
| حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | |

## بابِ دوم

# عبادات

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ مسجد کے معنیٰ ہیں سجدہ گاہ یعنی سجدہ کرنے کی جگہ

۲۔ زمین پر سب سے پہلی مسجد مکہ مکرمہ میں تعمیر کی گئی جس کا نام مسجدِ حرام ہے۔

۳۔ ترجمہ: جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے مسجد تعمیر کی اللہ نے اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا۔

(صحیح بخاری کتاب المساجد، حدیث 439)

## باب دوم

### اذان

#### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ جب نماز ادا کرنے کا وقت ہوتا ہے تو باجماعت نماز کی ادائیگی کے لیے اذان دی جاتی ہے۔

۲۔ اسلام کے پہلے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

۳۔ نماز ادا کرنے کے لیے پہلے دن میں پانچ مرتبہ اذان دی جاتی ہے۔

## باب دوم

### نماز

#### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ ہر مسلمان مرد عورت پر دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔

۲۔ سورج طُلوع ہونے سے پہلے نمازِ فجر ادا کی جاتی ہے۔

۳۔ قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

۲۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ نماز کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے۔

۲۔ نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ خُوش ہوتا ہے۔

۳۔ نماز پڑھنے سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے۔

۴۔ نماز جنت کی کنجی ہے۔

۴۔ نماز پڑھنے کے فوائد بیان کریں۔

نماز پڑھنے سے وقت کی پابندی کی عادت پڑتی ہے۔ نماز برے کاموں سے روکتی ہے۔

نماز اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا شرف بخشتی ہے۔ نماز پاکیزگی اور صفائی کا ذریعہ بنتی ہے۔

## باب سوم

# حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرب کے مشہور شہر مکہ میں پیدا ہوئے۔

۲۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ ماجدہ کا نام حضرت آمنہ ہے۔

۳۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کا نام حضرت عبدالمطلب تھا۔

۲۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجیے۔

۱۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امین کا لقب دیا گیا ہے۔

۲۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔

۳۔ ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔

### سرگرمیاں

۱۔ لائن لگا کر الفاظ کا آپس میں تعلق بنائیں۔

| | |
|---|---|
| آخری رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| امین | ایمان داری کی وجہ سے |
| تاریخ ولادت | 12 ربیع الاول |
| صادق | سچ بولنے کی وجہ سے |
| عرب کا مشہور شہر | مکہ مکرمہ |

۲۔ حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں۔

| | |
|---|---|
| صادق | نبی |
| انتقال | عمل |
| فرشتہ | |

۳۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں معلومات لکھیں اور رنگ بھریں۔

وصال کے وقت عمر مبارک: 63 برس

پہلی زوجہ محترمہ: حضرت خدیجہؓ

| | |
|---|---|
| دادا کا نام: | حضرت عبدالمطلب |
| والد ماجد کی وفات: | پیدائش سے پہلے |
| والد ماجد کا نام: | حضرت عبداللہ |
| والدہ ماجدہ کا نام: | حضرت آمنہ |
| نبوت کے وقت عمر مبارک: | 40سال |
| عام الحزن: | نبوت کا دسواں سال |
| شادی کے وقت عمر مبارک: | 25برس |

## باب سوم

# حضرت محمد مصطفی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ

### مشق

ا۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

ا۔ حضرت محمد مصطفی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتے تھے۔

۲۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچائی اور ایمان داری کی وجہ سے۔

۳۔ ہمارے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہستی کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔

سرگرمیاں

ا۔ حضرت محمد مصطفی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات لکھیں اور رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| سچے | ایمان دار | ہم درد |
| دیانت دار | نیک | |

۲۔ ایک سچے اور امانت دار تاجر اور جھوٹے اور بددیانت تاجر میں کیا فرق ہے؟

ایک سچا اور امانت دار تاجر ہمیشہ مال پورا تولتا ہے۔ اور خراب مال دوسروں کو نہیں دیتا جب کہ جھوٹا اور بددیانت تاجر خراب مال بھی بیچتا ہے اور ناپ تول میں کمی بھی کرتا ہے۔

۳۔ اساتذہ کرام اور والدین کی مدد سے جھوٹ کے نقصانات تحریر کریں۔

- اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔
- انسان معاشرے میں قدر کھو دیتا ہے۔
- انسان ذہنی سکون سے محروم ہو جاتا ہے۔

## باب چہارم

# اچّھے اَخلاق

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ سچ بولنا، ایمان داری اور دیانت داری سے کام کرنا، وعدہ پورا کرنا، دوسروں کا ادب کرنا، اور سلام میں پہل کرنا۔

۲۔ جھوٹ بولنے سے، غیبت کرنے سے اور بے ایمانی کرنے سے۔

۳۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو انسانوں کو اچھے اخلاق سکھانے کے لیے زمین پر بھیجا۔

۲۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ ہر کام کا آغاز بسم اللہ سے کریں۔

۲۔ ہمیشہ سچ بولیں۔

۳۔ اساتذہ کرام اور والدین کا ادب کریں۔

۴۔ پانچ وقت کی نماز پابندی سے ادا کریں۔

## باب چہارم

# سلام کرنا

### مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کا مطلب ہے آپ پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو۔

۲۔ وعلیکم السلام رحمۃ اللہ وبرکاتہ کا، مطلب ہے آپ پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو۔

۳۔ سلام میں پہل کرنے والے کو دس نیکیاں ملتی ہیں۔

۲۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ سلام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔

۲۔ بڑوں کو ادب سے سلام کریں۔

۳۔ ایک دوسرے کو سلام کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔

۴۔ اسلام میں پہل کرنے والا آدمی اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا ہے۔

باب پنجم

# انبیا کرام علیہم السلام کا تعارف

## مشق

۱۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

۱۔ انسانوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے۔

۲۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار

۳۔ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

۲۔ مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ انبیاء کرام علیہم السلام نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے | ایک ہونے کی | تعلیم دی۔ |
| ۲۔ حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پہلے | نبی | ہیں۔ |
| ۳۔ حضرت داؤد علیہ السلام | زبور | کی تلاوت فرماتے تھے۔ |
| ۴۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے | آخری | نبی اور رسول ہیں۔ |